سوال

(290) شہدائے احد کا غائبانہ نماز جنازہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہدائے اُحد کا جنازہ پڑھا تھا؟ (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہدائے اُحد کی نماز جنازہ ان کے دفن سے پہلے بھی پڑھی تھی۔ دیکھئے شرح معانی الآثار للطحاوی (ج 1 ص 503، باب الصلوۃ علی اشہداء وسندہ حسن، ابن اسحاق حسن الحدیث فی الاحکام والعقاید وغیرہا وصرح بالسماع)

اور دفن کے تقریباً آٹھ سال بعد بھی پڑھی تھی۔ (صحیح البخاری کتاب الجنائز: باب الصلوۃ علی الشہید ح 1344 و صحیح مسلم کتاب الفضائل: باب اثبات حوض نبینا صلی اللہ علیہ وسلم وصفاتہ ح 2296) (شہادت جنوری 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد 1۔ کتاب الجنائز- صفحہ 534

محدث فتویٰ